# کیا آپکا بچہ آپ کی آواز سن سکتا ہے؟



## معلومات برائے والدین

نیویارک ریاست ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ
(New York State Department of Health)

# کیا آپ کا بچہ آپ کی آواز سُن سکتا ہے؟

**نیو یارک ریاست کے ہسپتال میں پیدا ہونے والے تمام بچوں کی سماعت کی جانچ کی جاتی ہے۔**

سماعت بے حد اہم ہے۔ بات کرنے اور دنیا کے بارے میں سیکھنے کے لیے آپ کے بچے کو آوازیں سنائی دینی چاہیں۔ زندگی کے ابتدائی مہینوں میں سماعت کا ٹھیک ہونا نہایت ضروری ہوتا ہے تاکہ بعد میں زبان اور اسکول کے کاموں کے سلسلے میں کوئی مسئلہ پیش نہ آئے۔

اسکریننگ سے آپ کے بچے کی سماعت کی فوری جانچ کی جا سکتی ہے۔ جس کے دو طریقے ہیں:

- آپ کے ہسپتال چھوڑ کر جانے سے پہلے ہی آپ کے بچے کی سماعت کی اسکریننگ کی جا سکتی ہے، یا
- آپ کو بتا دیا جائے گا کہ آپ کے گھر کے قریب آپ کے بچے کی سماعت کی اسکریننگ کیسے کی جا سکے گی۔

اگر آپ کا بچہ ہسپتال میں پیدا نہیں ہوا، تو آپ کو اپنے ڈاکٹر یا کلینک سے پوچھنا چاہیے کہ آپ کے بچے کی سماعت کی جانچ کیسے کروائی جا سکتی ہے۔

پیدائش کے فوراً بعد یا جتنا جلدی ممکن ہو سکے ہر بچے کی سماعت کی جانچ ہو جانی چاہیے۔ اگر آپ کے بچے کی سماعت میں کوئی مسئلہ ہو، تو جتنا جلدی اس کا علم ہو گا، اتنا ہی بہتر ہو گا۔ 1,000 بچوں میں سے تقریباً دو تا چار بچوں کو سماعت کے شدید نقصان کا سامنا ہو گا۔



# سماعت کے نقصان کی وجہ کیا ہے؟

بعض اوقات ہمیں کسی بچے کی سماعت کے نقصان کی وجہ معلوم نہیں ہوتی۔ اور کئی بار اس کی درج ذیل میں سے کوئی وجہ ہوتی ہے:

- بہرہ پن خاندان میں چلتا ہے
- کان میں انفیکشن
- گردن توڑ بخار
- دیگر سنگین انفیکشن

اگر آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہوں تو اپنے بچے کے ڈاکٹر یا کلینک سے بات کریں۔

# آپ کے بچے کی سماعت کی جانچ کیسے کی جائے گی۔

ایک تربت یافتہ شخص آپ کے بچے کی سماعت کی جانچ کرے گا۔ اسکریننگ میں بہت کم وقت لگتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ اس دوران سوتا ہے تو یہ بھی ٹھیک ہے۔ آپ کے بچے کی اسکریننگ کے دو طریقے ہیں:

- ایک چھوٹا مائیکروفون آپ کے بچے/بچی کے کان میں لگایا جا سکتا ہے، یا،
- آپ کے بچے کو خاص ایئرفون پہنائے جا سکتے ہیں اور اس کے سر پر چھوٹے پیڈز رکھے جا سکتے ہیں۔

پھر ہلکی آوازیں چلائی جائیں گی اور آپ کے بچے کی سماعت کی پیمائش کی جائے گی۔

آپ کو ایک بروشر دیا جائے گا جو یہ بتائے گا کہ آپ کے بچے کی اسکریننگ کے نتیجے کا کیا مطلب ہے۔ آپ کے بچے کو دوسری اسکریننگ کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اس نے آواز سنی ہے۔ آپ کے بچے کی حرکات، کمرے میں شور اور پیدائش کے بعد کان میں رطوبت غلط نتائج کا باعث بن سکتی ہے۔ اگر آپ کے بچے کو دوبارہ جانچ کی ضرورت ہوئی، تو آپ کو بتایا جائے گا کہ یہ کیسے کی جائے گی۔





# اپنے بچے کی جانچ کریں
# سماعت اور بول چال

زیادہ تر بچے سماعت کی اسکریننگ "پاس" کر لیں گے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کا بچہ **اس وقت** سن رہا ہے۔ اگر آپ کا بچہ اسکریننگ "پاس" بھی کر لیتا ہے تو یہ ضروری ہے کہ بچے کی سماعت کی اکثر دوبارہ جانچ کی جائے۔ درج ذیل چیک لسٹ آپ کو اپنے بچے کی بڑھوتری کے دوران اس کی سماعت پر نظر رکھنے میں مدد کرے گی۔ اچھی سماعت چیک لسٹ میں موجود چیزوں کو انجام دینے میں آپ کے بچے کو مدد دے گی۔ اگر آپ کو اپنے بچے کی، کسی بھی عمر میں، سماعت کے بارے میں کوئی خدشات ہوں، تو اپنے بچے کے ڈاکٹر یا کلینک کو کال کریں۔

## اچھی سماعت کی چیک لسٹ*

### پیدائش سے 3 مہینے تک

- جب نومولود بچے کے ارد گرد روزمرہ کی آوازیں سنائی دے رہی ہوں، تو وہ تب بھی خاموش رہتا ہو
- اونچی آوازوں پر ردعمل ظاہر کرتا ہے: بچہ اچانک چلاتا ہے، پلکیں جھپکتا ہے، چوسنا بند کر دیتا، روتا ہے یا جاگتا رہتا ہے
- بیدار ہونے پر ہلکی آوازیں نکالتا ہے، قُلقُلیاں کرتا ہے۔

### 3 سے 6 مہینے تک

- بچہ مختلف آوازوں، شور مچانے والے کھلونوں اور بھونکنے والے کتے وغیرہ کی طرف آنکھیں یا سر پھیرتا ہے
- بات چیت جیسی آوازیں نکالنا شروع کر دیتا ہے: "گا"، "اُوہ" اور پ، ب اور م وغیرہ جیسی آوازیں
- آپ کی آواز کے لہجے میں تبدیلی پر ردعمل ظاہر کرتا ہے۔

### 6 سے 9 مہینے تک

- بچہ پیار بھری آوازوں کا جواب دیتا ہے، خاص طور پر بات کا
- اپنے نام کا جواب دیتا ہے جب اس کو بلایا جاتا ہے
- آسان الفاظ کو سمجھتا ہے: "نہیں،" "بائے بائے،" "جوس"
- آوازیں نکالتا ہے: "دا دا دا"، "ما ما ما"، "با با با"

### 9 سے 12 مہینے تک

- بچہ استقامت سے ہلکی اور تیز، دونوں آوازوں کا جواب دیتا ہے
- اکیلے الفاظ دوہراتا اور جانوروں کی آوازوں کی نقل کرتا ہے
- پوچھے جانے پر پسندیدہ کھلونوں یا کھانوں کی طرف اشارہ کرتا ہے

### 12 سے 18 مہینے تک

- 10 یا زیادہ الفاظ استعمال کرتا ہے
- سادہ زبانی ہدایات پر عمل کرتا ہے: "گھنٹی لے لو"
- لوگوں، جسم کے اعضاء یا کھلونوں کی طرف اشارہ کرتا ہے
- موسیقی سن کر "اچھلتا" ہے

### 18 سے 24 مہینے تک

- 20 یا زیادہ الفاظ استعمال کرتا ہے
- دو یا زیادہ الفاظ کو جوڑتا ہے: "مزید جوس"، "وہ کیا ہے؟"
- بہت سی ایسی آوازیں نکالنا شروع کر دیتا ہے جو ان الفاظ سے شروع ہوتی ہیں: ب، گ، م
- سادہ کہانیاں اور گانے سنتا ہے

### 2 سے 3 سال تک

- دو یا تین الفاظ پر مشتمل جملے استعمال کرتا ہے
- 2 سال کی عمر میں، بچے کی بات بعض اوقات سمجھ میں آتی ہے (25%-50%)
- 3 سال کی عمر میں، بچے کی بات زیادہ تر بار سمجھ میں آنا شروع ہو جاتی ہے (50%-75%)
- دو مراحل پر مشتمل ہدایات پر عمل کرنا شروع کر دیتا ہے: "بال اٹھاؤ اور ڈبے میں ڈالو"

*کیلیفورنیا ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ (California Department of Health Services) کی چیک لِسٹ کے مطابق تیار کر دہ۔

**آپ کے بچے کی سماعت کی جانچ کسی بھی عمر میں کی جا سکتی ہے اور کی جانی چاہیے۔**

# آپ کے بچے کے لیے مزید مدد



اگر آپ کا بچہ سماعت سے محرومی کا شکار ہے یا آگے ہو سکتا ہے، تو آپ کو مزید مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ شیر خوار بچوں، خصوصی ضروریات کے حامل چھوٹے بچوں اور ان کے اہل خانہ کو نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کے ارلی انٹروینشن پروگرام (Early Intervention Program، EIP) سے مدد مل سکتی ہے۔ EIP آپ، آپ کے بچے اور آپ کے خاندان کے لیے اسکریننگ اور ٹیسٹنگ اور معاونت کی پیشکش کرتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے اپنی کاؤنٹی یا بورو میں اپنے ڈاکٹر، کلینک یا EIP کو کال کریں۔

اپنے نومولود کی سماعت کی اسکریننگ یا EIP کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، کال کریں:

**(518) 473-7016**

یا ابتدائی معاونت کے پروگرام کا ویب پیج ملاحظہ کریں:

**health.ny.gov/community/infants_children/early_intervention/**

اپنے مقامی EIP تک رسائی کے لیے، کال کریں

**Growing Up Healthy 24-Hour Hotline**
**(Growing Up Healthy چوبیس گھنٹے ہاٹ لائن)**

**1-800-522-5006**

TTY: **1-800-655-1789**

نیویارک شہر کے اندر: **311**

# کیا
# آپ کا بچہ
# آپ کی آواز
# سُن سکتا ہے؟

اگر آپ کا بچہ نیو یارک ریاست
کے کسی ہسپتال میں پیدا ہوا
ہے، تو آپ کو پریشان ہونے کی
ضرورت نہیں ہے۔ نیویارک میں
تمام بچوں کی سماعت کی
جانچ کی جاتی ہے۔

ہمیں فالو کریں:
health.ny.gov
facebook.com/NYSDOH
twitter.com/HealthNYGov
youtube.com/NYSDOH

NEW YORK STATE | Department of Health